# Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Full Book Short Questions Test

Q1. مرکزی بنک کےاصول قومی مفاد سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** مرکزی بنک کا بنیادی مقصد نفع کمانا نہیں بلکہ قومی مفاد کے لیے کام کرنا ہے.

---

Q2. اسلامی ترقیاتی بنک کے دو فرائض بیان کریں.

**Ans 1:** 1- یہ رکن مسلم ممالک کو مالی امداد اور قرضے فراہم کرتاہے 2- یہ مختلف اسلامی ممالک کے درمیان بیرون تجارت کو فروغ دیتا ہے.

---

Q3. بنک کے حقوق و فرائض کون سے ہیں.

**Ans 1:** فرائض: 1- جاری شدہ چیکوں کی ادائیگی 2- کھاتہ دار کے نمائندے کے طو رپ وصولیاں 3- ٹرسٹی کے طور پر کام کرنا 4- کفالتوں کی خرید و فروخت 5- امانتوں کی حفاظت

**Ans 2:** حقوق: 1- منافع 2- کمیشن یا چارجز وصول کرنے کا حق 3- قبضے کا حق 4- آیڈجسٹمنٹ کا حق

---

Q4. شراکتی فرم کے بنک کا گاہک بننے کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** کوئی بھی شراکتی فرم بنک میں حساب کھول سکتی ہے. شراکتی فرم کا حساب حصہ داروں کے نام نہیں کھولا جاتا بلکہ شراکتی فرم کے نام کھولا جاسکتا ہے. عموما چیک پر دستخط کرنے کا اختیار ایک دو حصہ داروں کو دیا جاتا ہے اور وہی بنک سے لین دین کرتے ہیں.

---

Q5. لفظ اعتبار سے کیا مرادہے.

**Ans 1:** اعتبار یا کریڈٹ سے مراد کسی شخص کے قرض واپس کرنے کی صلاحیت پر اعتماد یا بھروسہ کرنا ہے. لفظ اعتبار لاطینی زبان کا لفظ سے لیا گیا ہے. جو اسی مفہوم کے لیے استعمال کیا جاتاہے.

---

Q6. ایک گاہک کن وجوہات کی بنائ پر بنکار سے تعلق ختم کرسکتا ہے.

**Ans 1:** 1- رہائش میں تبدیلی 2- غیر تسلی بخش خدمات

---

Q7. ڈاک وارنٹ سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** یہ ایک رسید ہے جو بندرگاہ پر پڑے ہوئے مال کی ملکیتن کو ظاہر کرتی ہے. رسید کا حامل شخص ہی بندرگاہ سے مال حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے. ڈاک وارنٹ کو بھی بنک میں بطور کفالت پیش کرکے قرض حآسل کیا جاسکتا ہے.

---

Q8. الیکٹرانک چپ کیا ہوتی ہے.

**Ans 1:** یہ مبینہ حقائق کو محفوظ کرنے کی ایک تدبیر ہے جو کارد ہی کا یاک حصہ ہوتی ہے. اس میں انعامی پوائنٹس اور چھوڑے ہوئے پوائنٹس کا ریکارڈ ہوتا ہے.

Q9. بنک کے انفرادی گاہک سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** جب بنک میں حساب ایک شخص کے نام کھولا جائے اور وہی واحد شخص بنک سے لین دین کرے تو اسے انفرادی گاہک کہتے ہیں. ایک ان پڑھ گاہک سے بنک تصویر کے ساتھ اس کے انگوٹھے کا نشان بھی ضروری کاغذات پر لیتا ہے. جبکہ ایک تعلیم یافتہ شخص کےدستخط ہی کافی ہوتے ہیں.

Q10. لفظ بنک کس طرح اخذ ہوا.

**Ans 1:** بنک الطالوی زنان کے لفظ بانکس، بانکو یا فرانسیسی زبان کے لفظ بانقنع سے اخذ کیا گیا ہے. اور ایک عام رائے یہ بھی لی جاتی ہے کہ جرمن زبان کے لفظ بیک سے لیا گیا ہے. جس کے معنی مشترکہ سرمایہ کاری کے ہیں.

Q11. زاتی اعتبار خط کی اقسام بتائیں.

**Ans 1:** سیاح کا اعتباری خط - گردشی خط یا سکلر نوٹ - سفری چیک - کریڈٹ کارڈز

Q12. چیک کی تعریف کریں.

**Ans 1:** چیک سے مراد ایسی ہنڈی ہے جو کھاتہ دار کی طرف سے کسی مخصوص بنکار پر جاری کی جاتی ہے. جو عندالمطلب بنک کے لیے واجب الادا ہوتی ہے.

Q13. امریکن انسائیکلو پیڈیا میں سود سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** رقم استعمال کرنے پر جو چارجز دئے جاتے ہیں انہں سود کہا جاتا ہے.

Q14. پاکستان میں غیر فہرستی بنک کے داد شدہ سرمائے کی حد کیا ہے.

**Ans 1:** اس کی کوئی حد مقرر نہیں ہے.

Q15۔ مضارب اور ضارب میں فرق بتائیں.

**Ans 1:** جب کوئی بنک اپنے گاہک کو مضاربہ کے تحت رقم فراہم کرتا ہے تو مضارب اور مضارب کا رشتہ وجود میں آتا ہے. جس میں بنک سرمایہ فراہم کرنے والے کے طور پر ضارب بیت المال اور گاہک ہنر مند کے طور پر عامل کہلاتا ہے.

Q16. پروموشن سےکیا مراد ہے.

**Ans 1:** اس سے مراد وہ مرحلہ ہے جب بانیان بنک قائم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کرتے ہیں.جیسے کہ ابتدائی اخراجات کا تخمینہ اور ضروری کاغزات کی تیاری

Q17. بنک کے محفوظ زر نقد پر اثر انداز ہونے والے عوامل بتائیں.

**Ans 1:** 1- بنک کا محل وقوع 2- الات اعتبار کا استعمال 3- سرمایہ کاری کا رجحان 4- ہنڈی پر دوبارہ کی سہولت 5- کھاتوں کی نوعیت 6- حساب گھر کی موجودگی

Q18. حکمی چیک سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** اگر چیک پر کسی وصول کنندہ کو نامزد کیا گیا ہو اور لفظ کاٹ کر لفظ آرڈر لکھ دیا گیا ہو تو ایسا چیک حکمی چیک کہلاتا ہے. اس چیک کی ادائیگی کے لیے وصول کنندہ کو اپنی شناخت کروانا پڑتی ہے.

Q19. زرعی پالیسی کے عمومی یا وصفی طریقے کون سے ہیں.

**Ans 1:** 1- براہ راست اقدامات 2- نشر و اشاعت 3- اخلاقی ترغیب 4- قرضوں پر پابندی 5- انتخابی طریقہ کنٹرول 6- حد مختتم میں تبدیلی

Q20. بنک کے اعتباری خطوط کی کتنی اقسام ہیں.

**Ans 1:** تجارتی اعتباری خطوط - زاتی یا نجی اعتباری خطوط